سوال

اسلام سے مرتد ہونے کے بعد ایک عورت نے نصرانی سے شادی کرلی اور بعد میں اسلام کی طرف لوٹنے کے بعد نصرانی کو چھوڑ دیا تو اس عورت کی عدت کتنی ہوگی تا کہ کسی دوسرے شخص سے شادی کرسکے ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

ہم نے مندرجہ بالا سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا :

سوال : کیا اس کے ساتھ مجامعت کی ہے ؟

جواب : جی ہاں اس عورت کے ساتھ مجامعت کی ہے ۔

فضیلۃ الشیخ کا جواب : - راجح قول کے مطابق - اس کی عدت ایک حیض ہوگی، اور ایک قول یہ بھی ہے کہ وہ تین حیض عدت گزارے لیکن راجح قول یہی ہے کہ وہ ایک حیض ہی گزارے گی، اس لیے کہ اس کا نصرانی سے شادی کرنا صحیح تھا کیونکہ وہ خود بھی اسلام سے مرتد ہو چکی تھی ۔ .

الشیخ محمد بن صالح العثیمین

10833